قارئین کے خطوط

ترتیب: مولانا سید ابرار اللہ شاہ

(۱) محترم جناب مولانا سید نسیم علی شاہ الہاشمی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ آپ نے مجلّہ ''المباحث الاسلامیہ'' کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس میں ترقی عطا فرمائے۔

میں عمر کے جس دور سے گزر رہا ہوں اس میں میرے لئے کوئی علمی مقالہ لکھنا تو مشکل ہے۔ البتہ حال ہی میں میری ایک کتاب ''اسلامی معیشت کی خصوصیات اور صنعتی تعلقات'' چھپی ہے، اس میں آپ کے ارسال کردہ عنوانات میں سے عنوان نمبر ۲۷، ۲۸، ۲۹ کے متعلق کافی مواد آ گیا ہے۔ یہ کتاب حال ہی میں چھپی ہے اور ابھی تک بہت کم لوگوں تک پہنچی ہے، اس لئے اگر اس میں سے ان عنوانات کو چھاپنا چاہیں تو میری طرف سے بخوشی اجازت ہے۔ اس کا ایک نسخہ آج کی ڈاک میں آپ کے لئے روانہ کر رہا ہوں۔

والسلام

محمد رفیع عثمانی عفا اللہ عنہ

رئیس الجامعہ دار العلوم کراچی

(۲) جناب ومحترم مہتمم حضرت مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سلام مسنون کے بعد عرض کی جاتی ہے۔ اس بات سے مزید خوشی ہوئی ہے۔ کہ آپ مجلّہ المباحث الاسلامیہ کو نہ صرف جاری رکھے ہوئے ہیں بلکہ اس کے ترقی کیلئے بھی کوشاں ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کی ان کوششوں کو نافع اور مقبول فرمائیں۔ باقی عرض کی جاتی ہے کہ اگر آپ حضرات دار الافتاء تعلیم القرآن پراچہ ٹاؤن پنڈی روڈ کوہاٹ کیلئے سابقہ مجلّے رعایتی قیمت کے ساتھ دیں تو بہت شکر گزار ہونگا۔

والسلام

مفتی نعمت اللہ صاحب جامعہ دار العلوم انجمن تعلیم القرآن پراچہ ٹاؤن کوہاٹ